بہاراسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ
बिहार राज्य मदरसा शिक्षा बोर्ड,पटना
Bihar State Madrasa Education Board
5,Vidyapati Marg Patna-800001

فوقانیہ ومولوی 2023 کے امتحانات فارم اب بغیر تاخیری فیس کے 10 مئی تک: ڈاکٹر محمد نوراسلام

تاخیری فیس کے ساتھ رجسٹریشن کرنے کا ایک اور سنہراموقع

پٹنہ مورخہ 13 اپریل 2023ء

ڈاکٹر محمد نوراسلام، کنٹرولر آف اکزامنیشن، بہاراسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ نے بحکم چیئرمین جناب عبدالسلام انصاری اطلاع دی ہے کہ درجہ فوقانیہ و مولوی امتحانات 2023 کے فارم بھرنے کی تاریخ تاخیری فیس کے ساتھ 10 مئی 2023 مقرر کی گئی تھی۔ لیکن مدارس سے متعلق تنظیمیں، اولڈ بوائز ایسوسی ایشن، مدرسہ ڈیولپمنٹ آرگنائزیشن، مدارس کے صدرالمدرسین نے گذارش کی ہے کہ تاخیری فیس کے بغیر فارم بھرنے کی اجازت دی جائے۔ ان تنظیموں کے التماس پر غور کرتے ہوئے چیئرمین محترم نے طلباوطالبات اور گارجین حضرات کے حق میں یہ فیصلہ لیا ہے کہ فوقانیہ ومولوی 2023 کے امتحانات فارم کی تاریخ 10 مئی تک بغیر تاخیری فیس کے بھرا جائے گا۔ البتہ تاخیری فیس کے ساتھ صرف رجسٹریشن کرنے کا بھی ایک اور موقع فراہم کرایا جارہا ہے۔

ڈاکٹر محمد نوراسلام نے مزید بتایا ہے کہ ایسے طلباوطالبات جو ابھی تک اپنا رجسٹریشن نہیں کرا سکے ہیں انہیں بحکم چیئرمین ایک اور موقع فراہم کرایا جارہا ہے جس کے تحت وہ تاخیری فیس پچاس (50) روپئے کے ساتھ اپنا رجسٹریشن اور امتحان فارم مدرسہ بورڈ کے ویب سائٹ پر موجود لنک بنام۔REG+Exam پر جا کر کر سکتے ہیں۔

13.4.2023

کنٹرولر آف اکزامنیشن
بہاراسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ